## سائنس زبان کے بنیادی صلاحیتیں جما عت۔ ششم(6)

1. مادہ کی حالتیں، ان کی مثالیں، اور خصوصیات کو بیان کر سکیں گے۔
2. کمیت، کثافت، اضافی، دباؤ اور قوت اچھال کی تعریف کرسکیں گے۔
3. اشیاء کی، عناصر، مرکبات اور آمیزوں میں درجہ بندی کر سکیں گے۔
4. پانی اور ہوا کی اہمیت اور خصو صیات بیان کر سکیں گے۔
5. احتراق کے لئے در کار اجزاء کی تشریح کرنا۔
6. قدرتی وسائیل کے تحفظ کی ضرورت کو محسوس کرینگے۔
7. جانداروں کی اہم خصو صیاتت کی نشاندہی کر سکیں گے۔
8. حرکت کی تعریف بیان کر نا اور توانا ئی کی ایک شکل سے دوسری شکل میں تبدیلی کی شناخت کر نا۔
9. نظام شمسی کے اجسام فلکی کی شناخت کر نا۔
10. متوازن غذا اور غذائی اجزاء کی اہمیت اور افادیت کو سراہنا ۔

## بنیادی صلاحیتیں واکتسابی نکات کو سمجھنے کے لئے کروائی جانے والی سرگرمیاں

**بنیادی صلا حیت نمبر 01**

1. بال بیرنگ یا گولیوں کو استعمال کرتے ہوئے مادہ کی حالتوں میں ذرات کی ترتیب کو ظاہر کرائیں۔
2. مادہ کی مختلف حالتوں کی مثالوں کی فہرست تیار کروئیں۔
3. خالی چارٹ میں بندی (بٹ) لگا کر ٹھوس، ما ئع اور گیس میں ذرات کی ترتیب کو ظاہر کرواکر معلومات کو پائیدار بنائیں۔
4. بوتل اور غبارہ کے تجربہ سے اور دیگر تجربات کے ذریعہ یہ ثابت کرائیں کہ مادہ جگہ گھیرتا ہے۔
5. مختلف اشیاء کا وزن دریافت کراکر یہ ثابت کرائیں کہ مادہ کمیت (وزن) رکھتا ہے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 02**

1. دباؤکا تجربہ:پانی سے بھرے دو بیکر میں افقی اور عمودی طور پر بلیڈ ڈالنا
2. قوت اچھال کا تجربہ:۔ بیکر میں تھوڑا پانی لے کر تیل کے قطرے، لکڑی کا ٹکڑا، پتھر وغیرہ ڈالنا اور چند اشیاء تیر نے کی وجوہات پر بحث کرنا۔



**بنیادی صلاحیت نمبر 03**

1. طلباء کو چند عناصر مرکبات اور آمیزے دیکر ان کا موزانہ کرانا، ان فرق سے واقف کرانا اور درجہ بندی کرانا۔
2. Periodic Table کا استعمال کرتے ہوئے مانوس عناصر کی نشاندہی کرانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر04**

1. ہوا کے اجزاء کا چارٹ پیش کرنا۔
2. گلاس میں خشک کا غذڈال کر پانی سے بھرے لگن میں گلاس الٹا کرنے کا تجربہ کرواکر یہ ثابت کرنا کہ ہوا جگہ گھیرتی ہے۔
3. غباروں کے تجربہ سے ثابت کرنا کہ ہوا وزن رکھتی ہے۔
4. مٹی سے بھرےتین گملےلیکر بیج ڈال کر ایک میں مناسب مقدار میں پانی، دوسرے میں کثیر مقدار اور تیسرے میں بلکل کم پانی دے کر چند دنوں کے مشاہدہ کے بعد پانی کی اہمیت اور افعال کو سمجھنا۔
5. پانی کے استعمالات پر ڈرامہ، گونگی اداکاری وغیرہ کروائیں

**بنیادی صلاحیت نمبر05**

1. دو موم بتیاں لے کر انہیں جلائیں، ایک موم بتی کو شیشہ کے گلاس سے ڈھانپئے، اور مشاہدہ کریں۔ اس تجربہ سے ثابت کریں کہ جلنے کے لئے آکسیجن ضروری ہے۔
2. احراق کے لئے حرارت ضروری ہے کے لئے تجربہ:۔
   دواگر بتیاں لیجئے۔ایک کو پانی میں بھگو لئے اور دونوں کو جلائیں اور مشاہدہ کریں۔
3. احتراق کے لئے ایندھن یا احتراقی شئے ضروری ہے ثابت کرنے کے لئے تجربہ:۔
   ایک لکڑی کا ٹکڑااور چاک کا ٹکڑالے کر دونوں کو جلتی آگ کے شعلے کے قریب کریں۔ اور مشاہدہ کریں۔
4. مختلف اشیاء کو جلا کر یہ ثابت کریں کہ ہر شئے یکساں درہ حرارت پر نہیں جلتیں:۔
5. مثال:۔ کاغذ، لکڑی، پلاسٹک، موم تبی وغیرہ۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 06**

1. قدرتی وسائل پر مضمون کویسی کا مقابلہ کروئیں۔
2. قدرتی وسائل کی حفاظت ضروری ہے؟ بحث و مبا حثہ کرائیں۔
3. ما حول کے تحفظ پر ڈرامہ کرائیں۔
4. قدرتی وسائل کے متعلق ویڈیو دکھلائیں۔
5. ما حول کے تحفظ کے متعلق نعرہ بنائیں۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 07**

1. ایک مٹی سے بھرے گملہ میں بینس کے بینج بو کر اسکی نشونما کا مشاہدہ کر کے مرحلہ دار درج کرئیں
2. بو تل میں کلے نکلے بینس کے دانے اور چونے کا شفاف پانی کے تجربہ سے نبا تات میں تنفس کو ظاہر کروئیں۔
3. روز مّرہ زندگی اکساؤ کا ردعمل کی مثالوں کی فہرست تیار کروئیں، مثال:۔ دھماکو کی آواز سنتے ہی کان بند کرنا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 08**

1. ہمارے اطراف و اکناف کے محترک اشیاء اور حالت سکون میں موجود اشیاء کی فہرست تیار کروئیں

2. مختلف اشیاء سے تجربات کراتے ہوئے حرکات کے اقسام کی نشاندہی کرائیں:۔ مثال:- لٹو، فیان، گیند، گھڑی، لقاص وغیرہ۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 09**

1. ویڈیو کی مدسے آبی توانائی، بادی توانائی، برقی توانائی وغیرہ کو سمجھائیں۔
2. تعلیمی سیر کا انعقاد کر کے توانائی کی مختلف شکلوں کا مشاہدہ کراسکتے ہیں۔
3. مختلف اشیاء میں استعمال ہونے والی توانائی کی فہرس تیار کروئیں:-
   مثال:- شمشی چولہا-شمشی توانائی، بیل گاڑی- عضلاتی توانائی۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 10**

1. نظام شمسی کے نمونے کی مدد سے سیاروں کی شناخت کرائیں۔
2. ویڈیو اور چارٹ کا استعمال کریں
3. اخبارات کے تراشوں کو اکھٹا کریئیں جس میں نظام شمسی اور سیاروں کے تصاویر ہوں۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 11**

1. کاغذ پر تیل، مکھن، گھی وغیرہ جیزیں لگا کر ان میں لپڈس موجود ہوا یا نہیں بحث کرائیں۔
2. غیر مناسب نشونما والے بچّوں کے تصاویر اکھٹا کر کے وجو ہات دریافت کریں۔
3. مختلف غذائی اشیاء دیکر ان میں زیادہ مقدار میں موجود غذائی اجزاء کی شناخت کرائیں اور درجہ بندی کرائیں۔ مثال:- چاول-کاربو ہائیڈریٹ، صوبا بین- پروٹین
4. غذائی اجزاء کی اہمیت کے مضمون پر تقریری مقابلہ منعقد کریں۔

# قبل از اور ما بعد آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

**صلاحیت نمبر 01**

1. درجہ ذیل کو مادہ کی مختلف حالتوں میں درجہ بندی کرو
   پتھر ،تیل ،دھواں ،کاربن ڈائی آکسائیڈ، لسّی کتاب پیڑول، مٹی
2. ثابت کرو کہ مادہ جگہ گھیر تا ہے۔
3. پانی کاڈھیر بنانا نا ممکن ہے کیوں؟
4. مائع میں ذرات کی ترتیب ظاہر کرنے والا خاکہ بناؤ

**صلاحیت نمبر 02**

1. قوت اچھال سے کیا مرادہے؟
2. کسی شئے میں موجود مادہ کی کل مقدار ـــــــــ کہلا تی ہے۔
3. لوہے کا گولہ پانی میں ڈوب جاتا ہے جبکہ لو ہے سے بنے بڑے بڑے جہاز تیرتے ہیں- کیوں
4. دباؤ کی تعریف بیان کرو

**صلاحیت نمبر 03**

1. عناصر کے کوئی 4 مثالیں دیجئے۔

2. مرکب کسے کہتے ہیں؟
3. آمیزہ کے کوئی دو مثالیں دیجئے۔
4. درج زیل کو عناصر، مرکبات اور آمیزوں میں درجہ بندی کیجئے۔
مٹی، برومیں، پانی، لوہا، ہوا، ہیلیم، شکر، لیموپانی، کاربن، میتھین

**صلاحیت نمبر 04**
1. ہوا کے اجزاء کے نام بتائے۔
2. ہوا کے اہم خصو صیات لکھئے
3. پانی کو عالمی محلل کیوں کیا جاتا ہے۔



4. پانی کے استعمالات کو ذیل کے جدول میں لکھئے:

| ُانی کے ذرائع | استعمالات |
|---|---|
| بارش کا پانی | |
| ندی کا پانی | |
| سمندر کا پانی | |

**صلاحیت نمبر 05:-**
1. احتراق سے کیا مرادہے؟
2. آگ جلانے کے لئے ضروری عوامل کونسے ہیں؟
3. ایندھن کی چند مثالیں دو
4. نقطہ اشتعال کسے کہتے ہیں؟

**صلاحیت نمبر 06:-**
1. قدرتی وسائل سے کیا مراد ہے؟
2. مٹی کی تشکیل کس طرح ہوتی ہے؟
3. بے موسم بارش کیوں ہوتی ہے؟
4. مٹی کی حفاظت (مٹی کا تحفظ) کیسے کریں گے؟

صلاحیت نمبر 07:-
1. نشو نما سے کیا مراد ہے؟
2. افزائش نسل سے کیا فائدہ ہے؟
3. واحد خلوی عضوئے کی مثالیں دو
4. ڈرج ذیل اُکساؤ کے رد عمل کو لکھو:-

| اکساؤ | ردعمل |
|---|---|
| 1- تتلی کو چھونا | |
| 2- روشنی براہ راست چہرے پر پڑے | |
| 3- کتے کو روٹی کا ٹکڑا دکھائیں | |
| 4- آپ کسی گرم چیز کو چھولیں | |



**صلاحیت نمبر 08:-**
1. حرکت سے کیا مراد ہے؟

2. حرکت کے اقسام لکھئے؟
3. درج ذیل کے حرکت کی قسم لکھئے؟
a) برقی پنکھے کی حرکت رقاص کی حرکت
b) گومتا ہو لٹّو
c) زاویہ بنا کر اوپر کی جانب پھیکا ہوا گیند

**صلاحیت نمبر 09:-**


1. توانائی کی مختلف شکلوں کی فہرست بناؤ
2. روزِ مّرہ زندگی میں ہونے والے شمسی توانائی کے چار استعمالات لکھئے۔
3. درج ذیل میں توانائی کی شکل بناؤ
a) شمسی چولہا b) ڈئنا مو
4. توانائی کے تحفظ کا کلیہ بیان کرو

**صلاحیت نمبر 10:-**

1 نظام شمسی کے سیاروں کے نام ترتیب وار لکھو
2 سورج سے قریب ترین سیارے کا نام لکھو
3 فہرست A میں سیاروں کے خصوصیات کو منعلقہ سیاروں کی فہرست B سے جوڑ لگاؤ

| | A | B |
|---|---|---|
| 1 | سرخ سیارہ | a) نیپ جون |
| 2 | زیادہ روشن سیارہ | b) یورے نس |
| 3 | بڑا سیارہ | c) مریخ |
| 4 | سیاہ دھبہ والا سیارہ | d) مشتری |
| 5 | نیلے سبز کہر سے گھرا سیارہ | e) زحل |
| | | f) زہرہ |

ذیل کے اجزام فلکی کی شناخت کرو:



**صلاحیت نمبر 11:-**

1 ہمیں غذاکی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟

2 درج ذیل میں کثیر مقدار میں کاربو ہائیڈ ریٹ، پروٹین، اور لپڈس میں درجہ بندی کرو آلو، گھی، سویا بین، مچھلی، مونگ پھلی، چاول

3 چند تر کاریوں کو کچاہی کھانا چا ہئے؟ کیوں

4 متوازن غذا کسے کہتے ہیں؟